فوری ریلیز کے لیے: 2024/15/7 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کی جانب سے 4 جولائی کی تعطیل کے دوران بحفاظت ٹریفک کے نفاذ کی ڈرائیو کے نتائج کا اعلان

ریاستی اور قانونی نفاذ کار اداروں کی جانب سے 3 جولائی تا 7 جولائی 37,000 سے زائد ٹکٹس کا اجراء

گورنر Kathy Hochul نے آج 4 جولائی کی تعطیل کے دوران بحفاظت ٹریفک کے نفاذ کی ڈرائیو کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ ریاستی اور قانونی نفاذ کار اداروں کی جانب سے رواں سال چار جولائی کی نفاذ کاری کی مہم کے دوران 37,000 سے زائد ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔ ہفتہ وار تعطیل کے دوران اضافی گشت میں غیر محتاط اور جارحانہ ڈرائیونگ کرنے والے افراد کو ہدف بنایا گیا، نیز اس میں ہوش و حواس کی برقراری کے چیک پوائنٹس بھی شامل ہیں۔ 3 جولائی کی شام 6 بجے سے لے کر 7 جولائی کی نصف شب تک چلنے والی نفاذ کی اس مہم کو، گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی کی جانب سے فنڈ کیا گیا تھا۔

"منصب سنبھالنے کے بعد سے نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنا میری اوّلین ترجیح رہی ہے اور اس میں غیر محتاط اور جارحانہ ڈرائیورز کو شاہراوں پر ڈرائیونگ کرنے سے باز رکھنا بھی شامل ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جب دوست احباب اور خاندان باہم اکٹھے ہوتے ہیں، تو اس وقت ہم قانونی نفاذ کار اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ نیو یارک کے شہری بحفاظت جشن منا سکیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ موٹر گاڑیوں کے کمشنر Mark J.F. Schroeder نے کہا، "ہمیں اپنے قانونی نفاذ کار شرکاء کے کیے گئے کام پر فخر ہے کہ انہوں نے سفر کے ان مصروف اوقات کار کے دوران ہماری ہائی ویز کو محفوظ رکھا ہے۔ اگرچہ مہم ختم ہو گئی ہے، تاہم موٹر سواروں کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہیئے کہ قانونی نفاذ کار ادارے ٹریفک قوانین کو ہمیشہ سختی سے نافذ کریں گے اور ڈرائیورز کو سال بھر محفوظ ڈرائیونگ کے طریق کار پر عمل پیرا ہونا چاہیئے۔"

ریاستی اور قانونی نفاذ کاروں کی جانب سے 37,899 ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔ کل 1,227 افراد پر الکحل یا ڈرگز کے زیرِ اثر ڈرائیونگ کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔

گزشتہ سال، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 4 جولائی کی نفاذ کاری کی مدت کے دوران ریاست بھر میں 35,104 ٹکٹس جاری کیے ہیں۔

اس سال، ریاستی پولیس نے نشے میں دھت ڈرائیونگ کرنے کے الزام میں 251 افراد کو گرفتار کیا اور دیگر الزامات کی بنیاد پر کل 12,700 ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔ یہ زمرہ بندی کچھ اس طرح سے ہے: تیز رفتاری کے لیے 4,248، سیٹ بیلٹ نہ باندھنے پر 1,315، لاپرواہی سے کی گئی ڈرائیونگ کے لیے 360، اور موو اوور لاء (Move Over Law) کی پیروی میں ناکامی کے لیے 219 جاری کیے گئے۔

نیو یارک کی ریاستی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Steven G. James نے کہا، "بلاشبہ غیر محتاط ڈرائیوروں کو سڑک پر ڈرائیونگ کرنے سے باز رکھنا پولیس کی روزانہ کی اوّلین ترجیح ہے، تاہم جشن کی تقریبات میں جب الکحل کے

استعمال کا امکان ہو تو ان تعطیلات کے دوران یہ فرض مزید بڑھ جاتا ہے۔ ہمارا پیغام واضح ہے - اگر آپ لاپرواہی سے ڈرائیونگ کریں گے تو ہم آپ کو گرفتار کر لیں گے۔ حفاظت کو اپنی ترجیح بنائیں اور گھر تک محفوظ ڈرائیونگ کے لیے منصوبہ تیار کریں۔"

اس مہم میں دیگر قانونی نفاذ کار ایجنسیاں بھی شرکت کر رہی ہیں، جنہوں نے لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے سے لے کر تیز رفتاری سے ڈرائیونگ کرنے تک جیسی خلاف ورزیوں کے لیے 24,729 ٹکٹس جاری کیے ہیں۔

نفاذ کاری کی ڈرائیو کے دوران دیگر ایجنسیوں کی جانب سے جاری کیے گئے ٹکٹس کی زمرہ بندی حسب ذیل ہے:

قانون کی نوعیت	جاری کردہ ٹکٹس
الکحل/ڈرگز	1,227
لاپرواہ ڈرائیونگ	1,253
لین بدلنے کا قانون	441
سیٹ بیلٹ	2,905
تیز رفتاری	9,316
دیگر خلاف ورزیاں	22,757
کل رقم	37,899

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں